BRAMPTON

Media Release

برائے فوری اجراء

سٹی آف برامپٹن نے میئرز کووڈِ-19 یوتھ سپورٹ ٹاسک فورس کا اعلان کر دیا

برامپٹن، آن (20 مارچ 2020) - سٹی آف برامپٹن نے مقامی معیشت کو سہارا دینے اور برامپٹن کی کمیونٹیوں کی معاونت کے لیے آج اپنی چوتھی خصوصی ٹاسک فورس کا اعلان کر دیا: یعنی میئرز کووڈِ-19 یوتھ سپورٹ ٹاسک فورس کا قیام عمل میں لایا گیا ہے۔

ہرکرات سنگھ، سٹی کونسلر برائے وارڈز 9 اور 10 اور چارمین ولیمز، سٹی کونسلر برائے وارڈز 7 اور 8 کی مشترکہ صدارت میں قائم کی جانے والی یہ خصوصی ٹیم اس معلومات اور وسائل تک رسائی کی کوششوں کو باہم مربوط کرے گی، جس کی برامپٹن کے نوجوانوں کو اس وقت سب سے زیادہ ضرورت ہے۔

یہ گروپ سٹی آف برامپٹن ایمرجینسی آپریشنز سنٹر اور کرونا وائرس (کووڈ-19) کی وباء سے نمٹنے والے سٹی کے خصوصی عملہ کے ساتھ مل جل کر کام کرے گا اور اس مشکل وقت میں ہمارے نوجوانوں کو سب سے زیادہ درکار وسائل اور معاونت کو باہم مربوط کرے گا۔

ٹاسک فورس کی کوششوں میں درج ذیل چیزیں شامل ہوں گی:

1. نوجوانوں کو مشغول کرنے کے مواقع کو ممکن بنانا، کیونکہ سٹی کی لائبریریاں اور تفریحی مراکز بند ہیں
2. چائلڈ کیئر میں معاونت اور زدپذیر نوجوانوں کے لیے پناہ گاہوں کے بارے میں ریجن آف پیل کے ساتھ باہمی تعاون
3. برامپٹن میں دماغی صحت کی تنظیموں کے حوالے سے نوجوانوں کے لیے معاونتیں اور معلومات فراہم کرنے کے لیے باہمی رابطہ کاری
4. رضاکاروں اور فریقین کے لیے ہمارے نوجوانوں کو معاونت فراہم کرنے کے لیے شمولیت کے اضافی مواقع

جبکہ شہریوں اور ملازمین کو تحفظ دینے میں مدد دینے کے لیے بند ہے، ہم اپنی مقامی معیشت اور پورے شہر کے نوجوانوں کو معاونت فراہم کرنے کے لیے مسلسل محنت کرنا جاری ہیں۔

اگلی نسل کی دیکھ بھال ام اہم طریقوں میں سے ایک ہے، جس سے ہماری کونسل شہر کو مستقبل کے لیے تیار کر سکتی ہیں۔

آج کا اعلان میئر کی جانب سے اس ہفتے قائم کی جانے والے کووڈ-19 اکنامک سپورٹ سوشل سپورٹ اور سینئرز سپورٹ ٹاسک فورس کے قیام کے بعد کیا گیا ہے۔ اس بارے میں مزید یہاں یہاں پڑھیں۔

ہمارے ساتھ رابطہ کریں

ایسے لوگ جو مشکل کی اس گھڑی میں اپنا کردار ادا کرنا چاہتے ہوں اور کرونا وائرس سے نمٹنے کی کاوشوں میں کوئی مدد کرنا چاہتے ہوں، وہ ان وقف شدہ ٹیمز کے ساتھ بذریعہ ای میل رابطہ کر سکتے ہیں:

- میئرز کووڈِ-19 **اکنامک سپورٹ** ٹاسک فورس- Covid19business@brampton.ca
- میئرز کووڈِ-19 **سوشل سپورٹ** ٹاسک فورس - Covid19support@brampton.ca
- میئرز کووڈِ-19 **سینیئرز سپورٹ** ٹاسک فورس - Covid19seniors@brampton.ca
- میئرز کووڈِ-19 **یوتھ سپورٹ** ٹاسک فورس - Covid19youth@brampton.ca

مزید معلومات

سٹی سروسز، سہولت گاہوں اور پروگراموں کی بندش کے بارے میں تازہ ترین اپ ڈیٹس اور اکثر پوچھے جانے والے سوالات (FAQs) کے لیے، براہ کرم ملاحظہ فرمائیں: www.brampton.ca/covid19۔

پیل پبلک ہیلتھ کی جانب سے انتہائی تازہ ترین معلومات کے لیے، ملاحظہ کریں: www.peelregion.ca/coronavirus.

اقتباس

"اگرچہ سٹی ہال کو برامپٹن کے رہائشیوں اور ملازمین کے تحفظ میں مدد دینے کے لیے بند رکھا جائے گا، مگر کونسل اپنا کام جاری رکھے گی تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جا سکے کہ ہم برامپٹن کے رہائشیوں، خصوصًا اپنے نوجوانوں کی معاونت کرنے کے لیے باہمی اشتراک کے ساتھ کام کر رہے ہیں۔ یہ نئی ٹاسک فورس یقینی بنائے گی کہ ہم برامپٹن کے نوجوانوں کو بامعنی طور پر مشغول کر رہے ہیں، تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جا سکے کہ ان کے پاس سیکھنے، چست رہنے اور وہ معاونتیں حاصل کرنے کے لیے جگہ ہو، چاہے وہ تفریح کی چیزیں ہوں، دماغی صحت کی معاونت ہو یا پناہ گاہیں ہوں۔ ہم تمام اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ مل کر، برامپٹن کے نوجوانوں پر کرونا وائرس کے مضر اثرات کو کم کرنے کے لیے پرعزم ہیں۔"

- *پیٹرک براؤن، میئر، سٹی آف برامپٹن*

-30-

کینیڈا میں تیز ترین رفتار سے بڑھنے والے شہروں میں سے ایک کے طور پر برامپٹن 650,000 لوگوں اور 70,000 کاروباروں کا گھر ہے۔ ہمارے ہر عمل کا مرکز عوام ہوتے ہیں۔ ہمیں اپنی متنوع کمیونٹی سے توانائی ملتی ہے، ہم سرمایہ کاری کے لیے کشش پیدا کرتے ہیں اور ہم ٹیکنالوجی اور ماحولیاتی جدت میں رہنما کردار ادا کرنے کے سفر پر نکل رہے ہیں۔ ہم ایک صحت مند شہر کی تعمیر میں بڑھوتری کے لیے مل کر کام کرتے ہیں، جو محفوظ، قابل استحکام اور کامیاب ہو۔ ہمارے ساتھ ٹوئٹر، فیس بک اور انسٹاگرام پر مربوط ہوں۔ www.brampton.ca پر مزید جانیں۔

میڈیا کنٹیکٹ

مونیکا ڈوگال

کوآرڈینیٹر، میڈیا اینڈ کمیونٹی انگیجمنٹ

اسٹریٹیجک کمیونیکیشن

سٹی آف برامپٹن

905-874-3426 | Monika.Duggal@brampton.ca